# سندھ آرڈیننس نمبر V مجریہ 1997

# SINDH ORDINANCE NO.V OF 1997

# پیپلز میڈیکل کالج اینڈ ہاسپٹل نوابشاہ (تنسیخ) آرڈیننس، 1997

# THE PEOPLE'S MEDICAL COLLEGE AND HOSPITAL NAWABSHAH (REPEAL) ORDINANCE, 1997

## (CONTENTS) فہرست


تمہید (Preamble)

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

2. 1995 کے ایکٹ XIII کی منسوخی

Repeal of Sindh Act XIII of 1995

# سندھ آرڈیننس نمبر V مجریہ 1997
# SINDH ORDINANCE NO.V OF 1997
# پیپلز میڈیکل کالج اینڈ ہاسپٹل نوابشاہ (تنسیخ) آرڈیننس، 1997
# THE PEOPLE'S MEDICAL COLLEGE AND HOSPITAL NAWABSHAH (REPEAL) ORDINANCE, 1997

[18 مارچ، 1997]

آرڈیننس، جس کے ذریعے پیپلز میڈیکل کالج اینڈ ہاسپٹل نوابشاہ ایکٹ، 1995 میں تنسیخ کی جائیگی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ پیپلز میڈیکل کالج اینڈ ہاسپٹل نوابشاہ ایکٹ، 1995 کو منسوخ کرنا اوراس سے متعلقہ امور کی فراہمی ضروری ہے؛

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہو گیا ہے؛

اب اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 128 کی شق (1) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

| | |
|---|---|
| مختصر عنوان اور شروعات<br>Short title and commencement | 1. اس آرڈیننس کو پیپلز میڈکل کالج اینڈ ہاسپٹل نوابشاہ (تنسیخ) آرڈیننس، 1997 کہا جائیگا۔<br>(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔ |
| ۱۹۹۵ کے ایکٹ XIII کی منسوخی<br>Repeal of Sindh Act XIII of 1995 | 2. (1) پیپلز میڈکل کالج اینڈ ہاسپٹل نوابشاہ ایکٹ، ۱۹۹۵ کو منسوخ کیا جائیگا۔<br>(2) ایکٹ کی منسوخی پر۔<br>(a) پیپلز میڈیکل کالج اور ہسپتال نوابشاہ اس کے بعد مندرجہ کالج پہنچانا جاتا ہے، وہ گورنمنٹ میں منتقل ہو جائے گا اور اس طرح کی منتقلی پر اس کو میڈیکل کالج اور ہسپتال نوابشاہ کے نام سے پہنچانا جائیگا اور اس کا انتظام حکومت کے زیر انتظام ہوگا؛<br>(b) کسی رابطے یا معاہدے یا خدمت کے شرائط میں موجود کچھ ہونے کے باوجود، مذکورہ کالج کے افسران اور دیگر ملازمین کو حکومت کی طرف سے مقرر کردہ شرائط اور ضوابط پر حکومت کو منتقل کیا جائے گا۔<br>(c) مندرجہ کالج کے تمام حقوق، جائیدادیں، اثاثے، قرض، بقایاجات اور ذمے داریاں حکومت کے حقوق، اثاثے، بقایاجات اور ذمے داریاں ہوگی؛<br>(d) ایسی منسوخی ہونے سے پہلے مذکورہ کالج کی طرف سے کیا گیا کوئی بھی معاہدہ حکومت کی جانب سے سمجھا جائیگا؛ اور |

(e) اس طرح کی منسوخی ہونے سے پہلے مذکورہ کالج کے ذریعے یا اس کے خلاف قائم کردہ تمام اور دیگر قانونی مقدمات کارروائیوں حکومت کی طرف یا اس کے خلاف قائم کردہ مقدمہ اور کارروائی تصور کیا جائے گا اور اس کے مطابق کاروائی کر سکتی ہے یا دوسری صورت میں اس سے نمٹا جاسکتا ہے۔

3. حکومت دفعہ 2 کی ذیلی دفعہ (2) میں مذکورہ ٹرانسفر اور دیگر معاملات کے سلسلے میں کسی بھی مشکل کو دور کرنے کے مقصد کے لیئے، ایسا حکم دے سکتی ہے جیسا کہ وہ اس طرح کے کسی بھی حکم کو اس آرڈیننس کی دفعات کے حصے کے طور پر سمجھا جائے گا اور اسے نافذ کیا جائے گا۔

**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔**